حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی بھی 09 سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ حسن میمندی کون تھا اور اس نے محمود غزنوی کی [illegible]؟

سوال ۳۔ نواب نور محل نے خواب میں کیا دیکھا؟

سوال ۴۔ یحییٰ منصور کون تھا، اور اس کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

سوال ۵۔ چینی طلبہ اور طالبات کی اردو دانی کے متعلق انشا صاحب نے کیا لکھا ہے؟

سوال ۶۔ ہملٹن کون تھا اور اس سندھ کے علم و فضل کے بارے میں کیا کہا؟

سوال ۷۔ کانگریز کا اصل مقصد کیا تھا اور مسلم لیگ کا قیام کیوں عمل میں آیا؟

سوال ۸۔ ذیل کے سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے لفظ بنائیے۔

کش۔ مند۔ پر۔ بار

سوال ۹۔ توصیف سلطان نے پہلے اللہ کی خوشنودی کس طرح حاصل کرنی چاہی؟

سوال ۱۰۔ قبیلہ مخزوم کی عورت کے بارے میں آپ ﷺ نے کیا فیصلہ دیا اور کیوں؟

سوال ۱۱۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

ماشاءاللہ۔ قارئین۔ اطوار۔ غیر معروف

سوال ۱۲۔ کیا انفرادی عمل سے معاشرے کا بگاڑ رک سکتا ہے؟

سوال ۱۳۔ سر سید احمد خان کا ہندو اور مسلمان قوموں کے بارے میں کیا نظریہ تھا؟

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 03 سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح کیجیے۔

"اچھا تو نیک بخت پھر مجھ کو اس بے عزتی سے بچنے کی کوئی تدبیر بتا۔"

سوال ۱۵۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی بحوالہ تشریح کیجیے۔

(الف) دیکھی نہیں کسی نے اگر شان مصطفیٰ — دیکھے کہ جبرئیل ہے دربانِ مصطفیٰ

(ب) فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں! — کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں؟

سوال ۱۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔

بنت بہادر شاہ — قرطبہ کا قاضی

سوال ۱۷۔ "سر سید احمد خان" کے عنوان سے ایک مضمون لکھیے۔

سوال ۱۸۔ نظم "جنگ یرموک کا ایک واقعہ" کا خلاصہ لکھیے۔